© rasailojaraid.com



# تبصرے

**جگ بیتی حصہ اوّل** از پنڈت جواہر لال نہرو۔ تقطیع خورد ضخامت ۵۵۲ صفحات کاغذ اور کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد تین روپیہ۔ پتہ:۔ مکتبہ جامعہ نئی دہلی۔ لاہور لکھنؤ۔

یوں کہنے کو تو یہ کتاب ان خطوط کا مجموعہ ہے جو پنڈت جواہر لال نہرو نے جیل سے اپنی بیٹی اندرا کے نام لکھے تھے۔ لیکن درحقیقت یہ دنیا کے تمدنی ارتقا اور اس کی تاریخ پر ایک مفصل کتاب ہے جس میں آغاز تمدن سے لیکر دور جدید کے آغاز تک کی تمام متمدن قوموں اور ملتوں کے جغرافیائی، طبعی اور تاریخی و سیاسی حالات کا ذکر صاف ستھرے اور غیر جانبدارانہ انداز میں کیا گیا ہے۔ درمیان میں کہیں کہیں ہندوستانی سیاسیات کی جانب بھی کچھ اشارے ہوگئے ہیں۔ اصل کتاب انگریزی میں تھی۔ جناب محمود علی خاں صاحب جامعی نے اس کو اردو میں منتقل کیا ہے، ترجمہ صاف سلیس اور شستہ و رواں ہے۔ افسوس ہے کہ جیل میں ہونے اور خطوط کے انداز میں لکھنے کے باعث اس کتاب میں نہ تو واقعات کے مآخذ کا ذکر آسکا ہے اور نہ ابواب میں کوئی تصنیفی ترتیب قائم رہ سکی ہے ان دو نقائص سے قطع نظر تاریخی معلومات اور اُن پر بے لاگ تبصرہ کے لحاظ سے یہ کتاب نہایت مفید اور لایق مطالعہ ہے۔

**حیوانی دنیا کے عجائبات** از عبدالبصیر خاں صاحب۔ شعبۂ حیوانیات مسلم یونیورسٹی علیگڈھ۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۰۵ صفحات طباعت و کتابت اور کاغذ عمدہ قیمت ۸؍ پتہ:۔ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی

یہ کتاب اپنے موضوع کے لحاظ سے اردو میں غالبًا بالکل نئی چیز ہے۔ اس میں مختلف حیوانات کے رہنے سہنے، کھانے پینے، لڑنے جھگڑنے، ان کی رفتار اور اخلاق و عادات کا ذکر ہے، پھر بہت سے جانوروں کی قسمیں، ان کے فائدے اور ان کی عمریں اور قیمتیں اور ان کے علاوہ بعض اور مفید معلومات۔ مثلاً یہ کہ دواؤں

© rasailojaraid.com